Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 06 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۶ ؍فروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مراٹھواڑہ میں قحط سالی کو ماضی کا قصہ بنانے کا وزیرِ اعلیٰ کا عزم؛ ندیوں کو باہم جوڑنے کے منصوبے پر عنقریب کام شروع کرنے کا اعلان۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر کے گھاٹی اسپتال کے ترقیاتی کاموں کیلئے علیحدہ فنڈ مختص کرنے کا نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار کا تیقن۔

☆ صنعتی منصوبوں کی اراضی کیلئے غیر زرعی ہونا لازمی نہیں اور درجۂ دوم کی زمین کو درجۂ اوّل بنانے کی مدت میں ایک برس اضافہ کرنے کا ریاستی حکومت کا فیصلہ۔

☆ وِگھن واڑی تا بیڑ ریلوے لائن کی آزمائشی جانچ کامیاب؛ بیڑ کے ساکنان کی ریلوے کی خواہش پوری۔

اور۔۔۔☆ 38ویں قومی کھیلوں میں مہاراشٹر کو سب سے زیادہ 82 تمغے۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ مراٹھواڑہ کی قحط سالی کو ماضی کا قصہ بنا دیا جائے گا۔ بیڑ ضلعے کے آشٹی تعلقے کے کھنٹے پھڑ آبی ذخیرے کا سنگِ بنیاد وزیرِ اعلیٰ نے رکھا۔ بعد ازاں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مغربی علاقے کی ندیوں کا 53 ٹی ایم سی پانی مراٹھواڑہ میں لانے والے ندی جوڑ منصوبے کے کاموں کا عنقریب آغاز ہو جائے گا۔ مہاراشٹر میں ندیوں کو جوڑنے کے چار منصوبے ہیں۔ جن سے ودربھ، مراٹھواڑہ اور شمالی مہاراشٹر پوری طرح قحط سے بچ سکیں گے۔ ان منصوبوں کیلئے سروے ٹینڈر بھی جاری کر دیئے گئے ہیں۔ انھوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ آئندہ ایک برس کے اندر اس منصوبے پر کام شروع کر دیا جائے گا۔

اس منصوبے کے تحت 53 ٹی ایم سی پانی گوداوری کی وادی میں لائے جانے کے بعد مراٹھواڑہ کو پوری طرح خشک سالی سے نجات مل جائے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ ہم نے یہ تہیہ کیا ہے کہ آئندہ نسلوں کو قحط دیکھنے نہیں دیں گے اور قحط سالی کو ماضی کا قصہ بنایا جائے گا۔

پھڑنویس نے اعتماد ظاہر کیا ہے کہ وزیرِ اعلیٰ زرعی شمسی توانائی اسکیم کا کام مارچ 2027 تک مکمل کر لیا جائے گا اور ریاست کے تمام کسانوں کو درکار 16 ہزار میگاواٹ بجلی دن میں پہنچائی جائے گی۔ انھوں نے بتایا کہ کسانوں کو مفت دی جانے والی یہ بجلی ریاستی حکومت کو تین روپے فی یونٹ ملے گی۔ آئندہ پانچ برسوں میں بجلی کی قیمت کم کر کے گھریلو اور صنعتی صارفین کو اس کا فائدہ پہنچایا جائے گا۔ انھوں نے بتایا کہ ماضی میں ہر برس بجلی کی قیمت میں 9 فیصد اضافہ کیا گیا، لیکن اب بجلی محکمے نے آئندہ پانچ برسوں میں بجلی کی قیمت کیا ہوگی اس کی منصوبہ بندی کی ہے اور اب ہر برس بجلی کی قیمت کم کی جائیگی؛ جس کا فائدہ گھریلو اور صنعتی صارفین کو پہنچے گا۔

سنتوش دیشمکھ قتل کے خاطیوں کے خلاف سخت کارروائی کا تیقن دیتے ہوئے وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ ذات پات کی سیاست کو بالائے طاق رکھ کر بیڑ کی قابلِ فخر شناخت دنیا کے سامنے لائی جائے۔

کھوکھو عالمی کپ کی فاتح ٹیم کے کھلاڑیوں پرتیک وائیکر، پرینکا انگڑے، رام کشیپ، سویش گرگٹے، اشونی شندے، ریشما راٹھوڑ، کوچ، پراچی وائیکر اور شیرین گوڈبولے کا اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں استقبال کیا گیا۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ اور وزیرِ خزانہ اجیت پوار نے تیقن دیا ہے کہ چھترپتی سمبھاجی نگر کے سرکاری میڈیکل کالج اسپتال (گھاٹی) کے ترقیاتی کاموں کیلئے علیحدہ فنڈ مختص کیا جائیگا۔ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں سالانہ ضلع منصوبہ بندی کے ریاستی سطح کے جائزہ اجلاس سے وہ خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کو زیادہ سے زیادہ فنڈ دینے کی کوشش کی جائیگی۔ 26-2025 کیلئے ضلع کا تیار کردہ سالانہ منصوبہ 1200 کروڑ روپئے کا ہے اور ہدایت کی کہ حاصل ہونے والے فنڈ کو معیاری کاموں پر خرچ کیا جائے۔ اجیت پوار نے تمام اضلاع کے افسران کو ہدایت کی کہ مرکز اور ریاستی حکومتوں کی قابلِ تجدید توانائی کے تعلق سے تمام اضلاع مثبت طریقے سے کام کریں اور سالانہ منصوبے میں اسکولوں اور دفاتر میں شمسی توانائی سے متعلق تجاویز شامل کی جائیں۔

لاتور شہر کے تاریخی مقام گنج گولائی کو جوڑنے والی سڑکوں اور اطراف و اکناف کے علاقوں کو خوبصورت بنانے کیلئے خصوصی فنڈ دیا جائے گا اور اس کیلئے متعلقہ افسران کو رپورٹ تیار کرنے کی ہدایت بھی نائب وزیرِ اعلیٰ نے دی۔ ریاست کے سماجی انصاف کے وزیر اور چھترپتی سمبھاجی نگر کے رابطہ وزیر سنجئے شرساٹ، پسماندہ طبقات کے وزیر اتل ساوے، سمیت ضلع کے اعلیٰ انتظامی افسران اس اجلاس میں موجود تھے۔ ضلع کے رابطہ وزیر شرساٹ نے ضلع میں آنے والی صنعتی سرمایہ کاری کو دیکھتے ہوئے آئندہ پانچ برسوں میں شہر کی آبادی میں بھی اضافہ متوقع ہے۔ اس پس منظر میں بنیادی ڈھانچوں کی اضافی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ نیز ضلع میں 50 فیصد آبادی شہر میں رہتی ہے اس لیے شہری ترقی کیلئے اضافی فنڈ دیئے جانے کا مطالبہ بھی انھوں نے کیا۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے آج ناندیڑ کا دورہ کر رہے ہیں۔ اسمبلی انتخابات کے بعد رائے دہندگان اور لاڈکی بہنوں سے اظہارِ تشکر کیلئے وہ ناندیڑ میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔ ناندیڑ کے شری حضور صاحب سچکھنڈ گردوارے کا بھی وہ دورہ کریں گے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

صنعتی اراضی کیلئے غیر زرعی صداقت نامہ یعنی این اے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ علاوہ ازیں درجہ دوم کی زمین کو درجہ اوّل میں تبدیل کرنے کی مدت میں ایک سال اضافے کا فیصلہ ریاستی حکومت نے کیا ہے۔ اس کیلئے مہاراشٹر زمین محصول ضوابط میں تبدیلی کی جائیگی۔ اس سلسلے میں جاری سرکاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ مرکزی حکومت کے صنعت اور ماتحت کاروبار کو فروغ دینے کے محکمے کی 'اِز آف ڈوئنگ بزنس' مہم کے تحت یہ فیصلہ کیا گیا۔

***** ***** *****

اعلیٰ اور تکنیکی تعلیم کے وزیر چندرکانت پاٹل نے حکم دیا ہے کہ ریاست کی تمام غیر زرعی یونیورسٹیوں میں زیرِ تعلیم طلباء کے مفاد میں ''کیری آن اسکیم'' لاگو کرنے کے سلسلے میں مثبت فیصلہ کر کے طلباء کو دوبارہ امتحان دینے کا موقع فراہم کیا جائے۔ کل منترالیہ میں اس ضمن میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے طلباء کی تعلیم میں رخنہ نہ پڑے اور ان کا تعلیمی سال ضائع نہ ہو اس کیلئے کیری آن اسکیم شروع کرنے کی ہدایت کی۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کی جانب سے کل سے ملک گیر آبی تحفظ یاترا نکالی گئی۔ ''جل لائے دھن دھانیہ'' اس یاترا کا مرکزی تخیل ہے۔ یہ یاترا آئندہ 60 تا 90 دنوں میں 26 ریاستوں اور دو مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے چھ ہزار 676 گرام پنچایتوں کو ملک بھر کے 805 منصوبوں سے متعلق معلومات دے گی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے وِگھن واڑی تا بیڑ ریلوے لائن کی آزمائشی جانچ کل کی گئی۔ اہلیانگر تا بیڑ 261 کلو میٹر طویل ریلوے لائن کا بیڑ کے ساکنان گذشتہ تین دہائیوں سے مطالبہ کرتے رہے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ اَملنیر تک ریلوے لائن بچھانے کے بعد یہ کام کچھ عرصے کیلئے بند تھا‘ تاہم اب بیڑ ضلعے کی اس ریلوے خدمات کا انتظار ختم ہو چکا ہے۔

***** ***** *****

اُتراکھنڈ میں جاری 38 ویں قومی کھیلوں میں مہاراشٹر نے مجموعی طور پر سب سے زیادہ 82 تمغے جیتے ہیں۔ جس میں 16 طلائی‘ 35 نقرئی اور 31 کانسے کے تمغے شامل ہیں۔ سب سے زیادہ طلائی تمغے جیت کر‘ کرناٹک پہلے‘ مسلح افواج کے کھلاڑی دوسرے اور مہاراشٹر تیسرے نمبر پر ہے۔

***** ***** *****

بھارت اور انگلینڈ کے مابین تین ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچوں کی سیریز کا پہلا میچ آج ناگپور میں کھیلا جائے گا۔ دوپہر ڈیڑھ بجے اس میچ کا آغاز ہوگا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں دو کروڑ روپئے تاوان کیلئے جبری اغواء کیے گئے سات سالہ چیتنیہ توپے کو کل پولس نے آزاد کروالیا۔ اس سلسلے میں پانچ افراد کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ منگل کی شب چیتنیہ اپنے والد کے ساتھ کھیل رہا تھا کہ اُسے اغواء کرلیا گیا تھا۔

***** ***** *****

تمام سابق حیات اور آنجہانی فوجیوں اور ان کے لواحقین کو فوجی فلاح و بہبود کے محکمے کے پورٹل پر اپنا رجسٹریشن کرانے کی ہدایت محکمے کی جانب سے کی گئی ہے‘ اور اس سے قبل جمع کروائی گئی درخواستوں اور متعلقہ دستاویزات کی نقولات چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع سینک کلیان دفتر میں جمع کروانے کیلئے کہا گیا ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ مراٹھواڑہ میں قحط سالی کو ماضی کا قصہ بنانے کا وزیرِ اعلیٰ کا عزم؛ ندیوں کو باہم جوڑنے کے منصوبے پر عنقریب کام شروع کرنے کا اعلان۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر کے گھاٹی اسپتال کے ترقیاتی کاموں کیلئے علیحدہ فنڈ مختص کرنے کا نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار کا تیقن۔

☆ صنعتی منصوبوں کی اراضی کیلئے غیر زرعی ہونا لازمی نہیں اور درجۂ دوم کی زمین کو درجۂ اوّل بنانے کی مدت میں ایک برس اضافہ کرنے کا ریاستی حکومت کا فیصلہ۔

☆ وِگھن واڑی تا بیڑ ریلوے لائن کی آزمائشی جانچ کامیاب؛ بیڑ کے ساکنان کی ریلوے کی خواہش پوری۔

اور۔۔۔☆ 38 ویں قومی کھیلوں میں مہاراشٹر کو سب سے زیادہ 82 تمغے۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل‘ پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****